اذان اور اقامت کے درمیان کی جانے والی دعا رد نہیں ہوتی

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "اذان اور اقامت کے درمیان کی جانے والی دعا رد نہیں ہوتی"
[صحيح] [رواه أبو داود والترمذي والنسائي]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے یہاں اذان اور اقامت کے درمیان دعا کرنے کی فضیلت بتائی ہے فضیلت یہ ہے کہ اس وقت کی جانے والی دعا رد نہیں ہوتی اور قبول کی جاتی ہے اس لیے اس درمیان اللہ سے دعا کرنی چاہیے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5479